رسول اللہ نے اپنے صحابہ پر اللہ کے دین کو نافذ کیا تھا

لیکن آج اگر ذلت کے دور میں امت محمدیہ آپ کے طریقہ آپ کے اسوہ پر نہ چلی' اسوہ حسنہ کو اپنی زندگی کے اوپر نافذ نہ کیا تو پھر کامیابی ان کے مقدر میں نہیں ہوگی۔ ایک ہی ذریعہ ہے کامیابی حاصل کرنے کا' کہ اللہ کے رسول کی زندگی کو بطور اسوہ اپنی زندگی پر نافذ کر لیجئے۔ خود معلوم کیجئے کہ باپ ہونے کے ناطے آپ کیسے اسوہ تھے۔ ایک تاجر ہونے کی حیثیت سے آپ کس طرح کا اسوہ تھے۔ آپ کی زندگی کے ہر پہلو کیلئے سیرت نبویہ میں اسوہ موجود ہے۔

یہ آپ کا کام ہے کہ علماء سے پوچھئے کہ فلاں کام کیلئے اسوہ حسنہ کیا ہے۔ فلاں چیز کیلئے اسوہ حسنہ کیا ہے' فلاں چیز کیلئے آپ کا نمونہ کیا ہے' یہ آپ کی ذمہ داری ہے' اگر آپ اپنی زندگی پر اس اسوہ حسنہ کو نافذ کر لیں تو پھر یقین کر لیجئے کہ کامیابی' عزت' فتوحات آپ کے قدموں میں ہونگی' لیکن اگر آپ نے اس اسوہ حسنہ کو ٹھکرا دیا تو پھر ہر قسم کی کامیابی آپ کو ٹھکرا دے گی۔

وما علینا الا البلاغ المبین

اعتزار

ہمیں یہ بخوبی احساس ہے کہ ''ترجمان الحدیث'' کے قارئین مجلّے کی عدم اشاعت پر بہت مضطرب اور پریشان ہوئے خطوط اور فون کے ذریعے استفسار کرتے رہے کہ مجلّہ ابھی تک ملا نہیں۔ آخر وجہ کیا ہے؟

ہم واضح الفاظ میں یہ صراحت کر رہے ہیں کہ وسائل کی کمی مجلّے کی اشاعت میں رکاوٹ ہے۔ مہنگائی اس قدر بڑھ گئی ہے کہ دینی جرائد کو جاری رکھنا ناممکن نظر آتا ہے ڈاک ٹکٹ یکمشت دوگنے ہو گئے کاغذات کی قیمت کا تعین بھی روز ہوتا ہے ایسی صورت میں اخراجات نے بجٹ کو بے حد متاثر کیا ہے جس کی وجہ سے پہلے اس کو بند کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا تھا لیکن قارئین کے اصرار پر دوبارہ اس کا آغاز کیا جا رہا ہے ہم تمام معاونین اور قارئین سے گذارش کریں گے کہ وہ مجلّے کی اشاعت میں بھرپور تعاون کریں یہ تبلیغ اسلام کا بہترین ذریعہ ہے نیز دعا بھی فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ استقامت نصیب فرمائے (آمین)